ENCLOSURE 4: MULTILINGUAL LEARNER SUPPORTS PROCESS FOR COLLEGE BOARD TESTING

کثیرلسانی طلباوطالبات کے والدین اور/ یا سرپرست:

کثیر لسانی سیکھنے والے (MLs) ، جو وفاقی اور ریاستی پالیسی کے تحت انگلش لرنرز (ELs) کے طور پر بیان کیے گئے ہیں ، **PSAT/NMSQT or SAT School Day** کی اسیسمنٹ میں اعانتوں کی ٹیسٹنگ کے اہل ہیں ۔ کالج بورڈ کی ٹیسٹنگ اعانتیں Standards of Learning (SOL) ٹیسٹنگ سہولیات سے مختلف ہوتی ہیں ۔

*معذوری کے حامل طلباء کیلئے، فراہم کردہ ٹیسٹنگ کی سہولیات کے برعکس ، کثیرلسانی ٹیسٹنگ اعانتیں عارضی ہوتی ہیں اور صرف ٹیسٹ کی تاریخ پر استعمال کی جا سکتی ہیں ، جس کی درخواست دی گئی ہوتی ہے ۔* اسکول آپ اور آپ کے طالبعلم کی رضامندی کے بغیر اسکول کثیرلسانی ٹیسٹنگ اعانتیں فراہم نہیں کر سکتا ۔ والدین/ سرپرستوں کو، منسلک فارم استعمال کر کے **29 اگست** ، **2024** ء تک ، اپنی رائے اور رضامندی اسکول کو ، فراہم کر دینی چاہیئے ۔

ذیل میں ، آپ کالج بورڈ کی طرف سے ممکنہ کثیرلسانی ٹیسٹنگ اعانتوں سے متعلق ، معلومات ملاحظہ کریں گے ۔ آپ اور آپ کا طالبعلم PSAT/NMSQT یا SAT School Day کے حوالے سے مناسب اعانت (اعانتوں) کا انتخاب کرتے ہوئے براہ مہربانی ، درج ذیل عوامل ذہن میں رکھیے:

- مواد ، فارمیٹ ، اور اسیسمنٹ کا مقصد
  - SAT (https://satsuite.collegeboard.org/sat/whats-on-the-test)
  - PSAT/NMSQT (https://satsuite.collegeboard.org/psat-nmsqt/whats-on-the-test)
- ٹیسٹنگ کے مجموعی وقت یا سیٹنگ پر بعض سہولیات کا اطلاق (منسلکہ کاغذ 5 کے نوٹس ملاحظہ کیجیئے) ۔

اگر آپ اپنے طالبعلم کیلئے، کالج بورڈ کی ٹیسٹنگ اعانت (اعانتوں) کی درخواست کرنا چاہتے ہیں تو یہ تین مرحلے مکمل کیجیئے ۔

1. **ML ٹیسٹنگ سپورٹ اِن پٹ فارم** مکمل کیجیئے **(منسلکہ کاغذ 5):**
   - فہرست میں اپنے بچے کیلئے ، درخواست کردہ اعانت (اعانتیں) پر دائرہ بنائیے؛
   - اپنی رائے کی تصدیق کیلئے ، فارم کی نچلی طرف اپنے مختصر دستخط اور تاریخ درج کیجیئے؛
2. **ML ٹیسٹنگ اعانت کی درخواست کا اجازت نامہ (منسلکہ کاغذ 6)** مکمل کیجیئے
   - اپنے طالبعلم کا نام ، اسکول اور تاریخ پیدائش درج کیجیئے؛
   - کالج بورڈ کو ریکارڈ جاری کرنے کی منظوری دینے کیلئے ، اپنے طالبعلم کے ساتھ دستخط اور تاریخ درج کیجیئے؛
3. **29 اگست** ، **2024** ء تک ، دونوں فارمز کی نقول ، ہائی اسکول واپس بھیج دیجیئے ۔

آپ کے فارم موصول ہو جانے کے بعد ، اسکول کا عملہ آپ کی درخواست کا جائزہ لے گا آپ کی انتخاب کردہ کثیرلسانی ٹیسٹنگ اعانت (اعانتیں) سے متعلق ، کوئی سوال ہونے کی صورت میں آپ سے رابطہ کرے گا ۔

اگر آپ کثیرلسانی ٹیسٹنگ کی اعانتیں برائے PSAT/NMSQT یا SAT School Day سے متعلق ، کوئی سوال پوچھنا چاہتے ہیں یا درخواست کے طریقہ کار کے بارے میں ، بات چیت کرنا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی ، اپنے طالبعلم کے ہائی اسکول سے ________________________________ پر رابطہ کیجیئے ۔

ML ٹیسٹنگ سپورٹ کی رائے اور منظوری کے فارم (منسلکہ کاغذات 5 اور6) ، درج ذیل کو مخاطب کرتے ہوئے بھیجیئے یا ارسال کیجیئے:

ATTN: ______________________________
_________________________ High School
_____________________________________
_______________________, VA _________

ENCLOSURE 5 :ML SUPPORTS INPUT FORM FOR COLLEGE BOARD TESTING

ذیل میں درج کالج بورڈ ٹیسٹنگ اعانتیں PSAT/NMSQT یا SAT اسکول ڈے ٹیسٹ پر لاگو ہوتی ہیں اور صرف انگلش لرنرز کے لیے دستیاب ہیں ، جیسا کہ ریاست اور وفاقی پالیسی میں نشاندہی کی گئی ہے ۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کےکثیرلسانی طالبعلم کیلئے ، اسکول کی طرف سے کالج بورڈ ٹیسٹنگ اعانت (اعانتیں) کی درخواست کی جائے تو:

- درج ذیل اپنی انتخاب کردہ **ML ٹیسٹنگ اعانت (اعانتیں) پر دائرہ بنائیے؛**
- اپنی رائے کی تصدیق کیلئے ، فارم کی نچلی طرف اپنے **مختصر دستخط اور تاریخ** درج کیجیئے؛
- منسلکہ کاغذ 6 سمیت یہ فارم **29 اگست ، 2024 ء تک** ہائی اسکول میں **واپس بھیج دیجیئے** ۔

کالج بورڈ کی ٹیسٹنگ اعانت (اعانتیں) SOL ٹیسٹنگ سہولیات سے مختلف ہوتی ہیں ۔ ٹیسٹوں کے مضمرات کو سمجھنے کیلئے ، درج ذیل نوٹس کا جائزہ لیجیئے ۔

| **ML ٹیسٹنگ اعانتیں برائے PSAT/NMSQT یا SAT School Day** |
| --- |
| *ٹیسٹ کی ہدایات کی پریزینٹیشن اس انداز سے کیجیئے ، جس میں طلباء ٹیسٹ کے آئٹمز یا ٹیسٹ کے شیڈول کا جواب دے سکیں:* |
| ▪ ٹیسٹ کی ترجمہ کی گئی ہدایات |
| ▪ لفظ بہ لفظ دو زبانی فرہنگ کا استعمال |
| ▪ 50 فیصد توسیع شدہ وقت [1] |

*حاشیہ:*

*1 توسیع شدہ وقت: طلباء کو اپنے منظور شدہ وقت کے مکمل ہونے تک رکنا لازمی ہے ۔ وہ جلدی نہیں جا سکتے اور نہ ہی وہ اس وقت تک ٹیسٹ کے اگلے حصے کی طرف بڑھ سکتے جب تک مختص کیا گیا وقت گزر نہ جائے ، چاہے وہ سیکشن جلد مکمل کر چکے ہوں ۔ طلباء ٹیسٹ والے دن اسکول جلد چھٹی ہوجانے کے عمل میں شرکت نہیں کر سکتے ۔*

**والدین/ سرپرست کی طرف سے انتخاب کردہ سہولیات کی تصدیق:**

اپنے مختصر دستخط ثبت کر کے، میں اس بات کی تصدیق کرتا / کرتی ہوں کہ میں چاہتا / چاہتی ہوں PSAT/NMSQT یا SAT School Day اسیسمنٹ کے متعلق دستیاب معلومات کا جائزہ لینے کے بعد ، میرے طالبعلم کو درکار سہولیات کیلئے ، ہائی اسکول ، کالج بورڈ کو درج بالا نشان زدہ ٹیسٹنگ اعانتوں کی درخواست کرے ۔

والدین / سرپرست کے مختصر دستخط: ______________ تاریخ: __________________

# رضامندی کا فارم برائے کثیرلسانی طالبعلم (ML) ٹیسٹنگ اعانتیں

طالبعلم / طالبہ کا نام: ____________________________________

اسکول: ______________________________________ اسکول AI کوڈ: ______________________

طالبعلم / طالبہ کی تاریخ پیدائش: _______________________________

میں **10/9/2024** کو منعقد ہونیوالے امتحان کے حصے کے طور پر اپنے اسکول کی طرف سے فراہم کردہ بعض ٹیسٹنگ اعانت (اعانتیں) استعمال کرنا چاہتا / چاہتی ہوں:

امتحان __________________________ **[ "PSAT/NMSQT" or "SAT School Day"]**

**طالبعلم / طالبہ اور والدین یا سرپرست کے دستخط**

میں بطور کثیر لسانی طالبعلم اپنی حیثیت کی وجہ سے __________________________ امتحان میں ML ٹیسٹنگ اعانتیں استعمال کرنا چاہتا / چاہتی ہوں ۔ **["PSAT/NMSQT" or "SAT School Day"]**

میں اپنے اسکول کو اجازت دیتا / دیتی ہوں کہ وہ: کالج بورڈ کو میرے ریکارڈ کی نقول جاری کر دے ، جن میں ML سپورٹ درکار ہونے کا ذکر ہے؛ اسکول کی ملکیت میں موجود ایسی دیگر معلومات جاری کردے ، جو کالج بورڈ کے ٹیسٹوں کے دوران ، ML سپورٹ کی اہلیت حاصل کرنے کے حوالے سے، کالج بورڈ کی طرف سے تصدیق کرنے کیلئے درخواست کی گئی ہوں؛ اور کالج بورڈ کے ساتھ میری کثیرلسانی طالبعلم کی اہلیت اور درکار معاونت کے متعلق ، گفتگو کرے ۔ میں کالج بورڈ کو بھی یہ اجازت دیتا / دیتی ہوں کہ وہ میرا ریکارڈ حاصل کر کے ان کا جائزہ لے ، اور اسکول کے عملے اور دیگر پیشہ ور ماہرین کے ساتھ میری حیثیت اور ضروریات کے حوالے سے گفتگو کرے ۔ میں اس بات سے آگاہ ہوں کہ اس وقت ML ٹیسٹنگ اعانتیں صرف PSAT 8/9, PSAT 10, PSAT/NMSQT اور SAT School Day کیلئے ، دستیاب ہیں ۔

طالبعلم / طالبہ کے دستخط: ____________________________________ تاریخ: ____________

والدین یا سرپرست کے دستخط: ____________________________________ تاریخ: ____________

(18 سال سے کم عمر طالبعلم کیلئے ، والدین / سرپرست کے دستخط درکار ہیں)

## Instructions to the School

Unless you have been specifically advised by your state that this consent form is not needed, this form must be completed and kept on file at the school when a request for ML testing supports on the PSAT/NMSQT or SAT School Day is submitted to College Board for the purposes of the **10/9/2024** administration. For each student for whom ML testing supports have been requested, a copy of this form bearing the signatures of the student and parent/ guardian must be obtained by the school . The school should maintain the completed, signed form with the student's records .The signed form does not need to be sent to the College Board, but the school should indicate in the student information confirmation page of the ML testing supports request application that a signed form is on file.